دار العلوم کے شب و روز

شفیق الدین فاروقی

جمعیت علماء اسلام کے انتخابات کا انعقاد :

مورخہ ۱۳۔ جون کو شیر انوالہ گیٹ لاہور میں جمعیت علماء اسلام کی مرکزی جنرل کونسل کا اجلاس حضرت مولانا قاضی عبداللطیف صاحب مدظلہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں آئندہ تین سال کیلئے جمعیت علماء اسلام کے انتخابات کیے گئے۔ اجلاس میں شیخ الحدیث حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب کوہاٹ کو مرکزی امیر اور دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کو سیکرٹری جنرل منتخب کیا گیا۔ جبکہ دیگر کابینہ کی تشکیل کا اختیار حضرت قائد جمعیت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کو دیا گیا جو انہوں نے بعد میں مکمل کر کے اعلان کیا۔ جبکہ اس سے قبل گذشتہ ماہ یہاں دارالعلوم حقانیہ میں جمعیت علماء اسلام صوبہ سرحد کی مجلس عمومی کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں صوبہ بھر سے جمعیت علماء اسلام کے ذمہ دار افراد نے سینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔ اور اس میں حضرت مولانا قاضی عبداللطیف صاحب کلاچی کو صوبائی امیر اور دارالعلوم حقانیہ کے مدرس مولانا سید محمد یوسف شاہ کو جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا۔ جمعیت علماء اسلام کو موجودہ ملکی اور بین الاقوامی نازک حالات کے پیش نظر دوبارہ فعال کیا جارہا ہے۔ تاکہ آئندہ درپیش چیلنجز میں جمعیت علماء اسلام قائدانہ کردار ادا کر سکے۔ اسی لیے جمعیت کی دوبارہ تنظیم سازی کی جارہی ہے۔ اور مختلف شہروں میں بڑی بڑی کامیاب کانفرنسوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔

نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب کی مصروفیات :

۹۔ ۱۰۔ ۱۱۔ جون ۱۹۹۹ء مطابق ۲۴۔ ۲۵۔ ۲۶۔ صفر ۱۴۲۰ھ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے نصاب کمیٹی کا اجلاس منعقدہ مری میں آپ نے شرکت فرمائی۔ مسلسل تین دن صبح سے شام تک وفاق کے نصاب پر تفصیلی غور کے بعد بعض اہم فیصلے کئے گئے۔ نصاب پر غور و خوض کیلئے جامعہ حقانیہ کے اساتذہ کی کمیٹی کی طرف سے دی گئی تجاویز بھی زیر بحث لائی گئیں۔ دارالعلوم کی اکثر تجاویز کو وفاق کے نصاب کیلئے منظور کیا گیا۔ ۲۶۔ صفر جمعہ کے روز وفاق المدارس العربیہ پاکستان سے ملحق مدارس کو درپیش بعض مشکلات پر تبادلہ خیال کیلئے وفاق کے اعلیٰ سطحی وفد کی معیت میں صدر پاکستان جناب رفیق تارڑ سے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ دوران گفتگو وفاق المدارس کی منظور شدہ ڈبل ایم اے کی سند کی معطلی پر بھی صدر کی توجہ اس اہم